# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date : 07 August 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

# آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۷/ اگست ۲۰۲۴ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...

☆ جامع تعلیمی مہم اور معذور مربوط تعلیم اسکیم کے تحت 3/ ہزار 105/ خصوصی اساتذہ کو ملازمت میں شامل کرنے کا ریاستی حکومت کا فیصلہ

☆ بانگلہ دیش میں پھنسے ہوئے ریاست کے طلباء کو بحفاظت وطن واپس لانے کے لیے ریاستی حکومت کوشاں

☆ ریاست میں 9/ سے 15/ اگست کے دوران ہر گھر ترنگا مہم

اور

☆ پیرس اولمپک میں پہلوان ونیش پھوگاٹ کا تاریخی کارنامہ ' آج سونے کے تمغے کے لیے داؤ پیچ آزمائیں گی

اب خبریں تفصیل سے...

ریاستی حکومت نے جامع تعلیمی مہم اور معذور مربوط تعلیم اسکیم کے تحت سال 2006ء سے ملازمت پر مامور 3/ہزار 105/خصوصی اساتذہ کو ملازمت میں شامل کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ خصوصی اساتذہ عہدے کی تخلیق اور قدیم پینشن اسکیم کے خصوص میں کل ممبئی میں منعقدہ اجلاس میں وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے یہ اعلان کیا۔ اِس موقعے پر ریاست کے کیندر وِدیالیہ میں ایک خصوصی ٹیچر مقرر کرنے کی بھی ہدایت دی گئی۔ اِسی دوران سال 2005ء سے قبل اعزازیہ کی بنیاد پر برسرِ خدمت 26/ہزار 900/اساتذہ کے لیے قدیم پینشن اسکیم نافذ کرنے کی صورت میں بڑھنے والے اخراجات پر دوبارہ غور وخوص کرنے کے مقصد سے خصوصی کمیٹی تشکیل دی گئی ہے۔ ایجوکیشن کمشنر اِس کمیٹی کی قیادت کریں گے۔

***** ***** *****

بانگلہ دیش میں حالیہ بدامنی کی صورتحال کو دیکھتے ہوئے وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے وہاں پھنسے ہوئے ریاست کے طلباء کو وطن واپس لانے کے سلسلے میں وزارتِ خارجہ سے رابطہ کیا ہے۔ انھوں نے وزارت سے طلباء کی ہر ممکن مدد کرنے کی التجا کی ہے۔ ریاستی حکومت نے طلباء کی فہرست بھی وزارتِ خارجہ کو دی ہے۔ ساتھ ہی بانگلہ دیش کے حالات پر نظر رکھنے کے مقصد سے اور مرکزی افسران نیز طلباء کے کنبوں سے رابطہ قائم کرنے کے لیے ایک دستہ بھی تشکیل دیا ہے۔ وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے کہا ہے کہ بانگلہ دیش میں پھنسے ہوئے ریاستی طلباء کو بحفاظت واپس لانا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہیں۔ انھوں نے کہا ایسے حالات میں وہ متعلقہ کنبوں کے ساتھ ہیں۔

**** ***** *****

ریاست میں 9/ سے 15/ اگست کے دوران ہر گھر ترنگا مہم چلائی جائے گی۔ شعبہ ثقافتی امور کے اپر چیف سیکریٹری وِکاس کھارگے نے یہ اطلاع دی۔ انھوں نے بتایا کہ اِس دوران مختلف پروگرامس کا بھی اہتمام کیا جائے گا۔ خیال رہے کہ مرکزی حکومت کی شروع کردہ اِس خصوصی مہم کا یہ تیسرا سال ہے۔ مرکزی حکومت نے اِس سال بھی ترنگا ریلی ' ترنگا یاترا ' ترنگا میراتھان ' ترنگا کونسرٹ ' ترنگا کینوس ' ترنگا عہد اور ترنگا سیلفی جیسی سرگرمیوں کا اہتمام کرنے کی ہدایت دی ہے۔

***** ***** *****

شیوسینا اُدھو باڑ اصاحب ٹھاکرے پارٹی کے سربراہ اُدھو ٹھاکرے اپنے 3/ روزہ دورے پر کل دِلّی پہنچے۔ ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ اِس دورے میں وہ کانگریس پارٹی کے صدر ملکارجن کھرگے سمیت عام آدمی پارٹی ' ترنمول کانگریس پارٹی' سماج وادی پارٹی وغیرہ انڈیا اتحاد کے رہنماؤں سے ملاقات کریں گے۔

***** ***** *****

وزیر برائے ایکسائز شنبھوراج دیسائی نے کہا ہے کہ سروِس گیرنٹی ایکٹ سے متعلق عوامی آگاہی میں اضافہ کرکے اُس پر عمل درآمد کیا جائے۔ خیال رہے کہ سروِس گیرنٹی ایکٹ پر موثر عمل درآمد کے مقصد سے ایک پائلیٹ پروجیکٹ کا آغاز آئندہ 15/ اگست سے کیا جارہا ہے۔ اِس خصوص میں کل منعقدہ میٹنگ میں وہ اظہار خیال کررہے تھے۔ جناب شنبھوراج دیسائی نے یہ پائلیٹ پروجیکٹ پہلے کولہاپور میں اور اُس کے بعد پوری ریاست میں متعارف کرنے کی بھی ہدایت دی ہے۔

***** ***** *****

مملکیتی وزیر کے قائم مقام ریاست کے وسنت راؤ نائک زراعت خود کفیل مشن کے چیرمین Nilesh Helonde نے کل جالنہ کے نئے مونڈھے میں واقع ریشم بازار کا جائزہ لیا۔ اِس موقعے پر انھوں نے ریشم کے کاشتکاروں کے لیے بازار میں مہیا کی گئی سہولیات پر اطمینان کا اظہار کیا۔ ساتھ ہی انھوں نے ریشم کی کاشت کے لیے ملنے والی امداد ' ریشم کے ساتھ ساتھ کاشت کی جانے والی دیگر فصلیں' چوکی سینٹر ' ریشم کاشتکاروں کو درپیش مسائل' وِدربھ اور مراٹھواڑہ کے قریب واقع دیگر منڈیوں کی بھی تفصیلات حاصل کی۔ اِس کے علاوہ بازار میں فروخت کے لیے لائی گئی موسمبی کی بھی تفصیلی معلومات حاصل کرتے ہوئے متعلقہ افسران کو ضروری ہدایات دیں۔

***** ***** ***** ***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں

***** ***** ***** ***** ***** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر ضلع کے اجنٹا گاؤں میں واقع پُل وجاپُشتے کی تعمیرنو کے سلسلے میں جلد از جلد کارروائی کی جائے۔ نگراں وزیر عبدالستار نے یہ ہدایت دی ہے۔ وہ کل منترالیہ میں مراٹھواڑہ آب رسانی ترقیاتی کارپوریشن کے تحت جاری کاموں کا جائزہ لینے کے بعد اظہار خیال کررہے تھے۔ اِس موقعے پر انھوں نے مذکورہ علاقے کے مختلف ترقیاتی کاموں کے لیے جلد از جلد ٹینڈر جاری کرنے کی بھی ہدایت دی۔

***** ***** *****

پیرس اولمپک میں کُشتی مقابلوں کے آخری راؤنڈ میں پہنچ کر بھارت کی پہلوان وِنیش پھوگاٹ نے تاریخ رقم کردی ہے۔ یہ کارنامہ انجام دینے والی وہ پہلی بھارتی خاتون پہلوان بن گئی ہے۔ آخری راؤنڈ میں وہ آج امریکہ کی خاتون پہلوان سے زور آزمائیں گی۔

اُدھر خواتین کے ٹیبل ٹینس مقابلے میں آج منیکا بترا ' شری جا اکولا اور ارچنا کامت کی ٹیم جرمنی کی ٹیم کے ساتھ کوارٹر فائنل میں کھیلے گی۔

دوسری جانب مردوں کے ٹیبل ٹینس مقابلے کے کوارٹر فائنل میں بھارت کو شکست کا سامنا کرنا پڑا۔

نیزہ بازی میں بھارت کے نیرج چوپرا بھی آخری راؤنڈ میں پہنچ گئے ہیں۔ کل کھیلے گئے کوالیفائنگ راؤنڈ میں نیرج نے پہلی ہی کوشش میں سب سے زیادہ 89 اعشاریہ 34 میٹر دور نیزہ پھینک کر پہلا مقام حاصل کیا۔ نیزہ بازی کا آخری راؤنڈ کل کھیلا جائے گا۔

ہاکی کے سیمی فائنل میں بھارتی ٹیم کو جرمنی کی ٹیم سے 3 - 2 سے شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ اب کانسے کے تمغے کے لیے بھارت کا سامنا اسپین سے ہوگا۔

***** ***** *****

بھارت اور شری لنکا کے مابین جاری 3/ایک روزہ کرکٹ مقابلوں کی سیریز کا تیسرا مقابلہ آج کولمبو میں کھیلا جائے گا۔ بھارتی وقت کے مطابق یہ مقابلہ دوپہر ڈھائی بجے سے شروع ہوگا۔خیال رہے کہ سیریز میں شری لنکا کو ایک صفر سے برتری حاصل ہے۔

***** ***** *****

ناندیڑ شہر کے قریب آباد زری گاؤں میں واقع کان میں تیرنے گئے 4/افراد ڈوب کر جاں بحق ہوگئے۔ ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ شہر کے 5/افراد کان میں تیرنے کے لیے گئے تھے۔ اِن میں سے 3/افراد کو تیرنا نہیں آتا تھا لہٰذا وہ ڈوبنے لگے اسی دوران ایک دوسرے کو بچانے کی کوشش کرتے ہوئے 4/افراد ڈوب کر جاں بحق ہوگئے۔ میونسپل کارپوریشن کے فائر بریگیڈ دستے نے چاروں مہلوکین کی نعشیں باہر نکال لی ہیں۔

***** ***** *****

لاتور میں واقع سینٹرل ریزرو پولس فورس کے تربیتی مرکز میں 119/جوانوں پر مشتمل دستے کی کانوکیشن تقریب کل منعقد کی گئی تھی۔ اِس موقعے پر سینٹرل ریزرو پولس فورس کے پرنسپال امیر الحسن انصاری خصوصی طور پر موجود تھے۔ تربیت پوری کرنے والے مختلف گروہوں کے جوانوں کا اِس تقریب میں استقبال کیا گیا۔

***** ***** *****

شہریان کو بنیادی سہولیات مہیا کرنے اور اُن کے مسائل حل کرنے میں میونسپل کارپوریشن ناکام ثابت ہورہی ہے۔ یہ کہتے ہوئے بیڑ میں کل شیوسنگرام کے عہدیداران کی جانب سے ٹھیہ آندولن کیا گیا۔ اِس موقعے پر شیوسنگرام کی بزرگ رہنما جیوتی میٹے نے ایک وفد ساتھ جاکر چیف آفیسر نیتا آندھارے کو مطالباتی محضر بھی پیش کیا۔

***** ***** *****

گزشتہ ایک تاریخ سے شروع ہوئے ورلڈ بریسٹ فیڈنگ ویک کا آج اختتام ہورہا ہے۔ اِسی مناسبت سے کل چھترپتی سنبھاجی نگر کے N-8/علاقے میں واقع میونسپل ہسپتال میں عوامی بیداری پروگرام کا اہتمام کیا گیا تھا۔ یہ پروگرام میڈیکل آفیسر ڈاکٹر ارچنا رانے کی رہنمائی میں انجام دیا گیا۔

***** ***** *****

ناسک ضلعے میں ہوئی بارش کی بدولت ڈیم کے آبی ذخیرے میں اضافہ ہوا ہے۔ نادور مدھ میشور پُشتے سے فی الحال 15/ہزار 274/مکعب فیٹ فی سیکنڈ کی رفتار سے پانی چھوڑا جارہا ہے۔

اِسی دوران چھترپتی سنبھاجی نگر ضلعے کے پیٹھن میں واقع ناتھ ساگر ڈیم کی سطح آب ایک ہزار 503/فیٹ پر پہنچ گئی ہے۔ موصولہ اطلاع میں بتایا گیا ہے کہ ڈیم میں قابل استعمال پانی کا ذخیرہ 22/فیصد سے زیادہ ہو چکا ہے۔

***** ***** *****

**آخر میں اہم خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سن لیجیے ...**

☆ **جامع تعلیمی مہم اور معذور مربوط تعلیم اسکیم کے تحت 3/ہزار 105/خصوصی اساتذہ کو ملازمت میں شامل کرنے کا ریاستی حکومت کا فیصلہ**

☆ **بانگلہ دیش میں پھنسے ہوئے ریاست کے طلباء کو بحفاظت وطن واپس لانے کے لیے ریاستی حکومت کوشاں**

**اور**

☆ **ریاست میں 9/ سے15 /اگست کے دوران ہر گھر ترنگا مہم**

**علاقائی خبریں ختم ہوئیں**

**آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینل AIR چھترپتی سنبھاجی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

☆☆☆